# PRESS CLIPING

## 04 June 2026

www.express.com.pk
DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس
THURSDAY, JUNE 4, 2026

# 5 نگران برطرف، 2 نقل کرنیوالے، ایک جعلی امیدوار گرفتار

## تینوں اُمیدواران کیخلاف فوری کیس رجسٹرڈ کر کے ڈسپلن برانچ کو بھجوا دیا گیا

### کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر کا انٹرمیڈیٹ امتحانی مراکز کا دورہ، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (نامہ نگار خصوصی) انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان کے دوران وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے شفافیت، میرٹ اور دیانت پر مبنی ویژن، چیف سیکرٹری، صوبائی وزیر تعلیم کی خصوصی ہدایات، زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کے تحت امتحانی عمل کو ہر ممکن طور پر شفاف، منظم اور نقل سے پاک بنانے کیلئے موثر اقدامات جاری ہیں۔ چیئرمین تعلیمی بورڈ عامر خٹک کی نگرانی میں امتحانی مراکز کی مسلسل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے جبکہ بوٹی مافیا اور نقل کلچر کے خاتمے کیلئے سخت انتظامی حکمت عملی اختیار کی گئی ہے۔ کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان نے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ دورے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دو اُمیدوار امتحانی مرکز گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول جلال پور شریف تحصیل پنڈ دادنخان جہلم سے نقل کرتے ہوئے جبکہ ایک جعلی اُمیدوار کی جگہ امتحانی مرکز گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول نمبر 4 لیاقت علی روڈ، راولپنڈی میں امتحان دیتے ہوئے پکڑا گیا تینوں اُمیدواران کے خلاف فوری طور پر کیس رجسٹرڈ کر کے ڈسپلن برانچ کو بھجوا دیا گیا امتحانی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر تین سپرنٹنڈنٹس اور دو ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس کو فوری طور پر امتحانی ڈیوٹی سے برطرف کر دیا گیا ہے۔ امتحانی مرکز گورنمنٹ ہائی سکول مری، سپرنٹنڈنٹ منصور احمد عباسی اور امتحانی مرکز گورنمنٹ سیٹلائٹ ٹاؤن کالج راولپنڈی (سینٹر اے) سے سپرنٹنڈنٹ محمد علی اسسٹنٹ پروفیسر، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ عادل حسین، (سینٹر بی) سے سپرنٹنڈنٹ وسیم شہزاد ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ افتخار محمود کو امتحانی ڈیوٹی سے برطرف کر دیا گیا۔

اسلام آباد، پشاور، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، مظفرآباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن، بلوچستان
E-mail:ausaf@dsl.net.pk
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com
روزنامہ اوصاف اسلام آباد
DAILY AUSAF ISLAMABAD
THURSDAY, JUNE 04, 2026
چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان
Registered ID 174
جلد: 28 | جمعرات 18 ذوالحج 1447ھ 4 جون 2026ء 22 جیٹھ 2082 ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 165

# مورگاہ، انٹرمیڈیٹ امتحانات، نقل کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی

## ایس او پیز خلاف ورزی پر 3 سپرنٹنڈنٹ، 2 ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ برطرف

مورگاہ (نمائندہ خصوصی) انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان 2026 کے دوران وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے شفافیت ویژن، زاہد اختر زمان اور صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی خصوصی ہدایات، نیز زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کے تحت امتحانی عمل کو ہر ممکن طور پر شفاف، منظم اور نقل سے پاک بنانے کیلئے موثر اقدامات جاری ہیں۔ کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان نے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ دورے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ امتحانی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر تین سپرنٹنڈنٹس اور دو ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس کو فوری طور پر امتحانی ڈیوٹی سے برطرف کر دیا گیا ہے کمشنر راولپنڈی و چیئرمین تعلیمی بورڈ راولپنڈی انجینئر عامر خٹک کی نگرانی میں امتحانی مراکز کی مسلسل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔

PIC•COLLAGE

Scanned with CamScanner

# PRESS CLIPING

## 04 June 2026

Daily SAMA
سماء

## راولپنڈی، کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر کا مختلف امتحانی مراکز کا دورہ

### دورے کے دوران تین امیدوار نقل کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑے گئے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) انٹرمیڈیٹ پہلا سالانہ امتحان 2026 کے دوران کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان نے مختلف امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ دورے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دو اُمیدوار امتحانی مرکز گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول جلال پور شریف تحصیل پنڈ دادنخان جہلم رول نمبر 741978،741979 سے نقل کرتے ہوئے جبکہ ایک جعلی اُمیدوار رول نمبر 731881 کی جگہ امتحانی مرکز گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول نمبر 4 لیاقت علی روڈ، راولپنڈی میں امتحان دیتے ہوئے پکڑا گیا تینوں اُمیدواران کے خلاف فوری طور پر کیس رجسٹرڈ کر کے ڈسپلن برانچ کو بھجوا دیا گیا۔ مزید برآں انہوں نے کہا کہ امتحانی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر تین سپرنٹنڈنٹس اور دو ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس کو فوری طور پر امتحانی ڈیوٹی سے برطرف کر دیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق امتحانی مرکز گورنمنٹ ہائی سکول مری، سپرنٹنڈنٹ منصور احمد عباسی اور امتحانی مرکز گورنمنٹ سٹلائٹ ٹاؤن کالج راولپنڈی (سینٹر اے) سے سپرنٹنڈنٹ محمد علی ملک اسسٹنٹ پروفیسر، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ عادل حسین EST، (سینٹر بی) سے سپرنٹنڈنٹ وسیم شہزاد SSE، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ افتخار محمود EST کو امتحانی ڈیوٹی سے برطرف کر دیا گیا۔ جبکہ امتحانی عمل کی شفافیت اور تسلسل کو برقرار رکھنے کیلئے ان کی جگہ نئے سپرنٹنڈنٹس اور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس تعینات کر دیے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ شفاف امتحانی نظام میں کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

سب سے پہلے پاکستان
اسلام آباد اور مانسہرہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اخبار
Daily Islamabad
RAEES UL AKHBAR
روزنامہ رئیس الاخبار اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: شاہنواز خان
www.raeesulakhbar.com
جلد 02 | جمعرات 18 ذوالحجہ 1447ھ، 04 جون 2026ء، 22 جیٹھ 2081ب، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ 33

## انٹرمیڈیٹ امتحانات، 3 سپرنٹنڈنٹس، 2 ڈپٹی سپرنٹنڈنٹس برطرف

دو جعلی امیدوار اور ایک نقل کرتے ہوئے پکڑا گیا، تینوں کیخلاف مقدمات درج، مراسلہ ڈسپلن برانچ کو ارسال، نقل کلچر کے خاتمے کیلئے سخت ترین اقدامات

### شفاف امتحانی نظام میں کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، مراکز کی مسلسل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے، کنٹرولر امتحانات تنویر اصغر اعوان کے امتحانی مراکز دورے، میڈیا سے گفتگو



**PRESS CLIPING**

**04 June 2026**

Daily AQ TIMES ISLAMABAD
Editor In Chief: Waseem Qureshi
Vol: 02 Issue: 76 Pages: 4 Price: 20 Thursday June 04 2026



PM Shehbaz, President Xi reaffirm Pakistan-China 'Iron Brotherhood' at 75th anniversary of diplomatic relations

PM says upcoming budget to provide public relief, reaffirms export-led growth strategy



# Two Candidates Caught Cheating, One Impersonator Arrested While Taking Exam; Case Registered, Three Superintendents and Two Deputy Superintendents Dismissed

**Rawalpindi**
**Staff Reporter**



During the Intermediate First Annual Examination 2026, effective measures are being implemented to ensure a transparent, organized, and cheating-free examination process in line with the vision of Punjab Chief Minister Maryam Nawaz Sharif, based on transparency, merit, and integrity. These efforts are being carried out under the special directives of Punjab Chief Secretary Zahid Akhtar Zaman and Provincial Minister for Education Rana Sikandar Hayat, as well as the government's zero-tolerance policy.

Under the supervision of Engineer Aamir Khattak, Commissioner Rawalpindi and Chairman of the Board of Intermediate and Secondary Education (BISE) Rawalpindi, examination centers are being continuously monitored, and a strict administrative strategy has been adopted to eliminate cheating practices and the activities of the so-called "booti mafia."

Controller of Examinations Tanveer Asghar Awan visited various examination centers. Speaking after the visits, he stated that two candidates, bearing roll numbers 741978 and 741979, were caught cheating at Government Higher Secondary School Jalalpur Sharif, Tehsil Pind Dadan Khan, Jhelum. In a separate incident, an impersonator was caught taking the examination in place of candidate roll number 731881 at Government Islamia High School No. 4, Liaquat Ali Road, Rawalpindi.

Cases against all three individuals were immediately registered and forwarded to the Discipline Branch for further action.

He further stated that three Superintendents and two Deputy Superintendents were immediately removed from examination duties for violating examination SOPs. According to details, Mansoor Ahmed Abbasi, Superintendent at Government High School Murree; Muhammad Ali Malik, Assistant Professor and Superintendent at Government Satellite Town College Rawalpindi (Center A); Adil Hussain (EST), Deputy Superintendent at the same center; Waseem Shahzad (SSE), Superintendent at Center B; and Iftikhar Mahmood (EST), Deputy Superintendent, were all dismissed from examination duties.

To ensure the continuity and transparency of the examination process, new Superintendents and Deputy Superintendents have been appointed in their place.

Tanveer Asghar Awan emphasized that there would be no compromise on maintaining a transparent examination system.

Scanned with CamScanner